روزنامہ

الفضل

C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 8مارچ 2006ء 7صفر 1427ہجری 8امان 1385ہش جلد 56-91 نمبر 51

نجات پالی

حضرت عثمانؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

قبر آخرت کی منزلوں میں سے پہلی منزل ہے اگر وہاں نجات پائی تو بعد کے حالات آسان ہوں گے۔ اور اگر وہاں نجات نہ پائی تو بعد کے حالات اس سے زیادہ سخت ہوں گے۔

(جامع ترمذی کتاب الزھد باب فی ذکر الموت حدیث نمبر:3230)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

مجھے ایک جگہ دکھلا دی گئی کہ یہ تیری قبر کی جگہ ہوگی۔ ایک فرشتہ میں نے دیکھا کہ وہ زمین کو ناپ رہا ہے۔ تب ایک مقام پر اس نے پہنچ کر مجھے کہا کہ یہ تیری قبر کی جگہ ہے پھر ایک جگہ مجھے ایک قبر دکھلائی گئی کہ وہ چاندی سے زیادہ چمکتی تھی اور اس کی تمام مٹی چاندی کی تھی۔ تب مجھے کہا گیا کہ یہ تیری قبر ہے۔ اور ایک جگہ مجھے دکھائی گئی اور اس کا نام بہشتی مقبرہ رکھا گیا۔ اور ظاہر کیا گیا کہ وہ ان برگزیدہ جماعت کے لوگوں کی قبریں ہیں جو بہشتی ہیں۔ تب سے ہمیشہ مجھے یہ فکر رہی کہ جماعت کے لئے ایک قطعہ زمین قبرستان کی غرض سے خریدا جائے لیکن چونکہ موقعہ کی عمدہ زمینیں بہت قیمت سے ملتی تھیں اس لئے یہ غرض مدت دراز تک معرض التواء میں رہی۔ اب اخویم مولوی عبدالکریم صاحب مرحوم کی وفات کے بعد جبکہ میری وفات کی نسبت بھی متواتر وحی الٰہی ہوئی میں نے مناسب سمجھا کہ قبرستان کا جلدی انتظام کیا جائے۔ اس لئے میں نے اپنی ملکیت کی زمین جو ہمارے باغ کے قریب ہے جس کی قیمت ہزار روپیہ سے کم نہیں اس کام کے لئے تجویز کی۔ اور میں دعا کرتا ہوں کہ خدا اس میں برکت دے اور اسی کو بہشتی مقبرہ بنادے اور یہ اس جماعت کے پاک دل لوگوں کی خوابگاہ ہو جنہوں نے درحقیقت دین کو دنیا پر مقدم کر لیا اور دنیا کی محبت چھوڑ دی۔ اور خدا کے لئے ہو گئے اور پاک تبدیلی اپنے اندر پیدا کر لی۔

پھر میں دعا کرتا ہوں کہ اے میرے قادر خدا اس زمین کو میری جماعت میں سے ان پاک دلوں کی قبریں بنا جو فی الواقع تیرے لئے ہو چکے اور دنیا کی اغراض کی ملونی ان کے کاروبار میں نہیں۔ آمین یا رب العالمین۔

پھر میں تیسری دفعہ دعا کرتا ہوں کہ اے میرے قادر کریم! اے خدائے غفور و رحیم! تو صرف ان لوگوں کو اس جگہ قبروں کی جگہ دے جو تیرے اس فرستادہ پر سچا ایمان رکھتے ہیں اور کوئی نفاق اور غرض نفسانی اور بدظنی اپنے اندر نہیں رکھتے اور جیسا کہ حق ایمان اور اطاعت کا ہے بجالاتے ہیں اور تیرے لئے اور تیری راہ میں اپنے دلوں میں جان فدا کر چکے ہیں جن سے تو راضی ہے۔ اور جن کو تو جانتا ہے کہ وہ بکلی تیری محبت میں کھوئے گئے۔ اور تیرے فرستادہ سے وفاداری اور پورے ادب اور انشراحی ایمان کے ساتھ محبت اور جانفشانی کا تعلق رکھتے ہیں۔ آمین یا رب العالمین۔

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد20ص 316)

بیوت الحمد منصوبہ

آپ کی اعانت کا منتظر ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے دور مبارک کی ایک نہایت اہم تحریک، بیوت الحمد منصوبہ ہے۔ جس کے تحت جماعت احمدیہ میں غریبوں، بیواؤں اور امداد کے مستحق افراد و خواتین کے لئے ضرورت کے مطابق بیوت الحمد کے نام سے ایک رہائشی کالونی بنائی گئی ہے۔ اس کالونی میں ایک صد گھر تعمیر کئے گئے ہیں اور اس طرح کالونی میں ایک سو خاندان رہائش پذیر ہیں کالونی کے علاوہ پاکستان کے مختلف شہروں میں 652 مستحق خاندانوں کیلئے ان کی ملکیتی زمین پر گھروں کی تعمیر اور توسیع کرائی جا چکی ہے۔

یہ تمام امور اس بابرکت تحریک میں دل کھول کر مالی قربانی پیش کرنے کے لئے بیان کئے گئے ہیں۔ ضرورت مندوں کا حلقہ وسیع ہونے کی وجہ سے زیادہ اعانت کی ضرورت ہے۔ احباب کرام مالی قربانی میں ایک مکان تعمیر کرنے کے مکمل اخراجات یا حسب استطاعت اعانت پیش فرما سکتے ہیں۔ جو مقامی جماعت کے انتظام کے تحت بھجوائیں یا براہ راست مد بیوت الحمد خزانہ صدر انجمن احمدیہ میں ارسال فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے مال و نفوس میں بہت برکت عطا فرمائے۔ آمین (صدر بیوت الحمد منصوبہ۔ ربوہ)

یرقان سے بچاؤ کا فری ہومیو کیمپ

مجلس انصاراللہ مقامی کے تحت یرقان سے بچاؤ اور یرقان سے متاثر مریضان کو ایک ہفتہ کی دوا مفت مہیا کرنے کیلئے مورخہ 10مارچ کو صبح 9 سے 12 بجے تک انصاراللہ مقامی کے ہال میں فری ہومیو کیمپ کا انتظام کیا گیا ہے۔ زیادہ سے زیادہ احباب و خواتین استفادہ کریں۔

(زعیم اعلیٰ انصاراللہ مقامی)

طاہر ہومیو پیتھک

ریسرچ انسٹیٹیوٹ بند رہے گا

مورخہ 22 تا 31مارچ 2006ء طاہر ہومیو پیتھک ریسرچ انسٹیٹیوٹ ربوہ بند رہے گا۔ احباب مطلع رہیں۔

(معتمد مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان)

قادیان سے واپسی پر چند تاثرات

رب کی رحمت کا اک نشاں دیکھا ۔۔۔ میں نے امسال قادیاں دیکھا
ایک مدت کے بعد جلسہ پر ۔۔۔ پاک مہدی کا آستاں دیکھا
آسماں سے ملائکہ کا نزول ۔۔۔ میں نے خود اس جگہ یہاں دیکھا
جوق در جوق لوگ آئے تھے ۔۔۔ ارض پر پڑ گئے نشاں دیکھا
کتنے رنگوں کا کتنی نسلوں کا ۔۔۔ بن گیا تھا یہ کارواں دیکھا
ایسی دیکھی فضائے روحانی ۔۔۔ جیسے نورِ خدا عیاں دیکھا
وِردِ صلِّ علیٰ کا کرتے ہوئے ۔۔۔ واللہ ہر پیر و نوجواں دیکھا
مسکراہٹ نہ چِھن سکی اپنی ۔۔۔ میں نے ہر چہرہ شادماں دیکھا
ساری دنیا کو فتح کرنے کا ۔۔۔ میں نے ہر عزمِ نوجواں دیکھا
کتنی شفقت سے ملنے آیا تھا ۔۔۔ ہم نے خود میرِ کارواں دیکھا
واللہ دل سب کے ہو گئے مسرور ۔۔۔ قادیاں میں وہ دلستاں دیکھا
چہرے خوشیوں سے تمتما اٹھے ۔۔۔ جب اسے اپنے درمیاں دیکھا
شمع پر گر رہے تھے پروانے ۔۔۔ میں نے یوں رنگِ عاشقاں دیکھا
لحن تھا اس کا لحنِ داؤدی ۔۔۔ علم وحکمت کا اِک جہاں دیکھا
جِس میں پیدا ہوا وہ شہزادہ ۔۔۔ میں نے لاریب وہ مکاں دیکھا
اُس کا ہر ذرہ عظمتوں کا امیں ۔۔۔ اُس کی ہر گام کہکشاں دیکھا
بقعۂ نور بن گئے تھے ’’بیوت‘‘ ۔۔۔ وجد میں سارا گلستاں دیکھا
جب نظر پڑ گئی مِنارے پَر ۔۔۔ نُور کا ہالہ ضَو فِشاں دیکھا
ہائے آنسو نہ رُک سکے میرے ۔۔۔ میں نے مرقد شہِ زماں دیکھا

اور کہیں بھی نہ دیکھ پائے عزیز
میں نے جو اس جگہ سماں دیکھا

عبدالعزیز منگلا

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

سادہ زندگی کی اہمیت

تحریک جدید جاری کرنے والے مقدس وجود نے جماعت سے سب سے پہلا مطالبہ سادہ زندگی کا فرمایا اوراس کی اہمیت بیان کرتے ہوئے فرمایا:۔

’’اس کے بغیر جماعت میں قربانی کا صحیح مادہ کسی صورت میں بھی پیدانہیں ہوسکتا اور نہ ہی روحانیت کا اعلیٰ مقام حاصل ہوسکتا ہے اور اگر تم سمجھو کہ اس کے بغیرتم روحانیت کا مقام حاصل کرلوگے تو یہ نفس کو دھوکہ دینے والی بات ہے۔‘‘ (مطالبات صفحہ 25)

ہراحمدی کا فرض ہے کہ وہ سادہ زندگی اختیار کر کے اپنے آپ کو ان اوصاف سے متصف کرنے کی کوشش کرے جو کہ حضور کے مذکورہ بالا ارشاد میں بیان کئے گئے ہیں۔ (وکیل المال اول تحریک جدید)

سانحہ ارتحال

مکرم مبارک احمد صاحب باجوہ معلم وقف جدید تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کی دادی جان محترمہ عائشہ بی بی صاحبہ بیوہ محترم چوہدری خورشید احمد صاحب باجوہ مرحوم چک نمبر 223/9.R تحصیل فورٹ عباس ضلع بہاولنگر مختصر عرصہ علیل رہنے کے بعد مورخہ 21 جنوری 2006ء کو بقضائے الٰہی وفات پا گئیں آپ کا جنازہ مکرم محمد نور بھٹی صاحب معلم وقف جدید نے پڑھایا اور احمدیہ قبرستان میں تدفین کے بعد مکرم معلم صاحب نے ہی دعا کروائی۔ مرحومہ نے اپنے پسماندگان میں ایک بیٹا مکرم چوہدری نعیم احمد صاحب باجوہ زعیم انصاراللہ مجلس چک نمبر 223/9.R اور ایک بیٹی یادگار چھوڑی ہیں۔ جبکہ ایک بیٹی آپ کی زندگی میں ہی وفات پا گئیں مرحومہ نہایت صابر وشاکر مہمان نواز اور آخری عمر تک صوم وصلوٰۃ کی پابند اور تہجد گزار تھیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کے ساتھ مغفرت کا سلوک فرمائے بلندی درجات فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ان کے لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق بخشے۔ آمین

دورہ نمائندہ مینیجر الفضل

مکرم منور احمد ججہ صاحب نمائندہ مینیجر الفضل توسیع اشاعت الفضل چندہ جات اور بقایاجات کی وصولی اور الفضل میں اشتہارات کی ترغیب کے سلسلہ میں ضلع کراچی کے دورہ پر ہیں تمام احباب جماعت سے تعاون کی درخواست ہے۔

(مینیجر روزنامہ الفضل ربوہ)

درخواست دعا

مکرم شیخ ذیشان انعام صاحب ابن مکرم شیخ انعام اللہ صاحب کریم بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کا موٹر سائیکل پر ایکسیڈنٹ کی وجہ سے ایک ہاتھ پر شدید چوٹیں آئی ہیں۔ ہسپتال والوں نے ہاتھ پر پلاستر کردیا ہے احباب جماعت سے شفاء کاملہ وعاجلہ کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

مکرم خواجہ اختر سعید صاحب نشتر بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کی ہمشیرہ محترمہ سعیدہ انور صاحبہ اہلیہ محترم خواجہ انور صاحب کا ایکسیڈنٹ ہوا۔ ہسپتال میں زیر علاج رہیں لیکن مکمل صحت یاب نہ ہوسکیں۔ اب پھر طبیعت بہت زیادہ خراب ہوگئی ہے جس کی وجہ سے اتفاق ہسپتال لاہور کے سی سی یو میں داخل کروانا پڑا۔ احباب جماعت سے شفاء کاملہ وعاجلہ کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

مکرم ظفر اللہ صاحب کامران بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کو ڈاکٹرز صاحبان نے انجیوگرافی کے لئے مشورہ دیا ہے جو کہ چندروز میں ہوگی احباب جماعت سے شفاء کاملہ وعاجلہ کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

مکرم مرزا وقار احمد صاحب وفاقی کالونی لاہور کی بیٹی عمارہ وقار صاحبہ کی آنتوں میں سوزش کی وجہ سے بیمار ہے۔ احباب جماعت سے شفاء کاملہ وعاجلہ کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

مکرم وزیر علی صاحب دارالذکر لاہور لکھتے ہیں کہ میرے پیارے محسن دوست مکرم مشتاق احمد صاحب کھرل گمبٹ سندھ حال آسٹریلیا شوگر اور دل کی بیماری کی وجہ سے سخت کمزور ہو گئے ہیں احباب جماعت سے دردمندانہ دعا کی درخواست ہے۔

مکرم ملک نور الٰہی صاحب صدر جماعت وحدت کالونی لاہور جہلم کے ہسپتال سے لاہور گھر آ گئے ہیں دعاؤں سے کافی افاقہ ہوا ہے لیکن کمزوری بہت زیادہ ہے احباب جماعت سے مکمل شفایابی کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

گمشدہ ہار

مکرم جمیل احمد صاحب تحریر کرتے ہیں کہ سونے کا Bracelet مورخہ 10 فروری 2006 کو بیت اقصیٰ سے دارالنصر شرقی جاتے ہوئے کہیں گر گیا ہے جس کو ملے براہ کرم 22/20 دارالنصر شرقی ربوہ فون نمبر 6214460 پر اطلاع پہنچا کر ممنون فرمائیں۔

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاءالاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

قرآن کریم کی اعلیٰ شان اور بلند مقام

حضرت مسیح موعود کے ارشادات کی روشنی میں

کامل رہنما

''سب سے سیدھی راہ اور بڑا ذریعہ جو انوار یقین اور تواتر سے بھرا ہوا اور ہماری روحانی بھلائی اور ترقی علمی کے لئے کامل رہنما ہے قرآن کریم ہے۔ جو تمام دنیا کے دینی نزاعوں کے فیصل کرنے کا متکفل ہو کر آیا ہے۔ جس کی آیت آیت اور لفظ لفظ ہزار ہا طور کا تواتر اپنے ساتھ رکھتی ہے اور جس میں بہت سا آب حیات ہماری زندگی کے لئے بھرا ہوا ہے اور بہت سے نادر اور بیش قیمت جواہر اپنے اندر مخفی رکھتا ہے۔ جو ہر روز ظاہر ہوتے جاتے ہیں۔ یہی ایک عمدہ محک ہے جس کے ذریعہ سے ہم راستی اور ناراستی میں فرق کر سکتے ہیں''۔

(ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد 3 ص 381)

سچی ہدایتوں پر مشتمل کتاب

''اب آسمان کے نیچے فقط ایک ہی نبی اور ایک ہی کتاب ہے۔ یعنی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ جو اعلیٰ و افضل سب نبیوں سے اور اتم و اکمل سب رسولوں سے اور خاتم الانبیاء اور خیر الناس ہیں جن کی پیروی سے خدائے تعالیٰ ملتا ہے اور ظلماتی پردے اٹھتے ہیں اور اسی جہان میں سچی نجات کے آثار نمایاں ہوتے ہیں اور قرآن شریف جو سچی اور کامل ہدایتوں اور تاثیروں پر مشتمل ہے جس کے ذریعے سے حقانی علوم اور معارف حاصل ہوتے ہیں اور بشری آلودگیوں سے دل پاک ہوتا ہے اور انسان جہل اور غفلت اور شبہات کے حجابوں سے نجات پا کر حق الیقین کے مقام تک پہنچ جاتا ہے''۔

(براہین احمدیہ۔ روحانی خزائن جلد 1 ص 557-558)

قرآن دلوں کو پاک کرتا ہے

''خدا کا کلام اپنی ذاتی روشنی اور صداقت اور بے مثل ہونے کی وجہ سے اپنا منجانب اللہ ہونا بھی ثابت کرتا ہے۔ اور خدائے تعالیٰ کی ہستی کی طرف بھی یقینی اور قطعی طور پر رہبر ہے..... قرآن شریف باوجود کمال ایجاز جامع تمام حقائق و دقائق ہے ...... اور باوجود التزام حق اور حکمت اور صداقت کے اعلیٰ درجہ کی فصاحت اور بلاغت پر ہے...... اور قرآن شریف اپنی پاک تاثیروں کی وجہ سے سچے طالبوں کے دلوں کو پاک کر کے آسمانی روشنی سے منور کرتا ہے اور ان میں وہ خاص برکتیں پیدا کرتا ہے کہ جو دوسرے مذہبوں میں نہیں پائی جاتیں''۔

(براہین احمدیہ۔ روحانی خزائن جلد 1 ص 392)

قرآن محبوب الٰہی بناتا ہے

''فرقان مجید باوجود ان تمام کمالات بلاغت و فصاحت و احاطہ حکمت و معرفت ایک روحانی تاثیر اپنی ذات بابرکات میں ایسی رکھتا ہے کہ اس کا سچا اتباع انسان کو مستقیم الحال اور منور الباطن اور منشرح الصدر اور مقبول الٰہی اور قابل خطاب حضرت عزت بنا دیتا ہے اور اس میں وہ انوار پیدا کرتا ہے اور وہ فیوض غیبی اور تائیدات لاریبی اس کے شامل حال کر دیتا ہے کہ جو اغیار میں ہرگز پائی نہیں جاتیں اور حضرت احدیت کی طرف سے وہ لذیذ اور دلآرام کلام اس پر نازل ہوتا ہے جس سے اس پر دمبدم کھلتا جاتا ہے کہ وہ فرقان مجید کی سچی متابعت سے اور حضرت نبی کریم ﷺ کی سچی پیروی سے ان مقامات تک پہنچایا گیا ہے کہ جو محبوبان الٰہی کے لئے خاص ہیں...... یہ تاثیرات فرقان مجید کی سلسلہ وار چلی آتی ہیں اور جب سے کہ آفتاب صداقت ذات بابرکات آنحضرت ﷺ دنیا میں آیا اسی دم سے آج تک ہزار ہا نفوس جو استعداد اور قابلیت رکھتے تھے۔ متابعت کلام الٰہی اور اتباع رسول مقبول سے مدارج عالیہ مذکورہ بالا تک پہنچ چکے ہیں اور پہنچتے جاتے ہیں''۔

(براہین احمدیہ۔ روحانی خزائن جلد 1 ص 528-529)

برکات الٰہی نازل ہوتی ہیں

''لاکھوں مقدسوں کا یہ تجربہ ہے کہ قرآن شریف کے اتباع سے برکات الٰہی دل پر نازل ہوتی ہیں اور ایک عجیب پیوند مولیٰ کریم سے ہو جاتا ہے۔ خدائے تعالیٰ کے انوار اور الہام ان کے دلوں پر اترتے ہیں۔ اور معارف اور نکات ان کے مونہہ سے نکلتے ہیں۔ ایک قوی توکل ان کو عطا ہوتی ہے اور ایک محکم یقین ان کو دیا جاتا ہے...... وہ باپوں سے زیادہ ان سے پیار کرتا ہے اور ان کی در و دیوار پر برکتوں کی بارش برساتا ہے''۔ (سرمہ چشم آریہ۔ روحانی خزائن جلد 2 ص 79)

قرآن تمام صداقتوں پر حاوی ہے

''بلاشبہ قرآن کریم تمام صداقتوں پر حاوی ہے اور تمام علوم میں جہاں تک صحت سے ان کو تعلق ہے قرآن کریم میں پائے جاتے ہیں...... کیا اس سبحانہ نے قرآن کریم کا نام عام طور پر قول فصل اور فرقان اور میزان اور امام اور نور نہیں رکھا؟ اور کیا اس کو جمیع اختلافات کے دور کرنے کا آلہ نہیں ٹھہرایا؟ اور کیا یہ نہیں فرمایا کہ اس میں ہر ایک چیز کی تفصیل ہے؟ اور ہر ایک امر کا بیان ہے..... تو کیا مومن کے لئے ضروری نہیں جو ان پر ایمان لاوے اور زبان سے اقرار اور دل سے تصدیق کرے اور واقعی طور پر اپنا یہ اعتقاد رکھے کہ حقیقت میں قرآن کریم معیار اور حکم اور امام ہے''۔

(الحق لدھیانہ۔ روحانی خزائن جلد 4 ص 92)

اصلاح کے ذرائع

''تبدیلی اور اصلاح کس طرح ہو؟ اس کا جواب وہی ہے کہ نماز سے جو اصل دعا ہے۔ قرآن شریف پر تدبر کرو اس میں سب کچھ ہے۔ نیکیوں اور بدیوں کی تفصیل ہے اور آئندہ زمانہ کی خبریں ہیں وغیرہ۔ بخوبی سمجھ لو کہ یہ وہ مذہب پیش کرتا ہے جس پر کوئی اعتراض نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ اس کے برکات اور ثمرات تازہ بتازہ ملتے ہیں''۔ (ملفوظات جلد 5 ص 102)

ہر مرض کا علاج

''یہ فخر قرآن مجید ہی کو ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس میں ہر مرض کا علاج بتایا ہے اور تمام قویٰ کی تربیت فرمائی ہے اور جو بدی ظاہر کی ہے اس کے دور کرنے کا طریق بھی بتایا ہے اس لئے قرآن مجید کی تلاوت کرتے رہو اور دعا کرتے رہو۔ اپنے چال چلن کو اس کی تعلیم کے ماتحت رکھنے کی کوشش کرو''۔

(ملفوظات جلد 5 ص 102)

معرفت کے اعلیٰ مقام تک پہنچنے کا ذریعہ

''جو شخص قرآن مجید کی ہدایت پر کاربند ہوگا وہ معرفت کے اعلیٰ مقام تک پہنچے گا''۔

(ملفوظات جلد 5 ص 122)

قرآن خاص اثر ڈالتا ہے

''یہ تاثیر قرآن شریف ہی میں ہے کہ وہ انسان کے دل پر بشرطیکہ اس کے صوری اور معنوی اعراض نہ کیا جاوے۔ ایک خاص اثر ڈالتا ہے اور اس کے نمونے ہر زمانہ میں موجود رہتے ہیں۔ چنانچہ اب بھی موجود ہیں''۔ (ملفوظات جلد 4 ص 448)

برکات کا سرچشمہ

''یاد رکھو قرآن شریف حقیقی برکات کا سرچشمہ اور نجات کا سچا ذریعہ ہے ...... ساری ترقیوں اور کامیابیوں کی کلید یہی قرآن شریف ہے جس پر ہم کو عمل کرنا چاہئے...... یقیناً یاد رکھو کہ جو شخص سچے دل سے اللہ تعالیٰ پر ایمان لاتا ہے اور اس کی پاک کتاب پر عمل کرتا اور رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو لا انتہا برکات کا حصہ دیتا ہے''۔

(ملفوظات جلد 4 ص 140-141)

قرآن شریف کی برکت

ایک شخص نے حضرت مسیح موعود سے عرض کی۔ حضور میرے واسطے دعا کی جاوے کہ میری زبان قرآن شریف اچھی طرح ادا کرنے لگے۔ قرآن شریف ادا کرنے کے قابل نہیں اور چلتی نہیں۔ میری زبان کھل جاوے۔ حضرت مسیح موعود نے فرمایا کہ

تم صبر سے قرآن شریف پڑھتے جاؤ۔ اللہ تعالیٰ تمہاری زبان کو کھول دے گا۔ قرآن شریف میں یہ ایک برکت ہے کہ اس سے انسان کا ذہن صاف ہوتا ہے اور زبان کھل جاتی ہے بلکہ اطباء بھی اس بیماری کا اکثر یہ علاج بتایا کرتے ہیں''۔

(ملفوظات جلد 3 ص 105)

قرآن شریف پر تدبر کرو

''قرآن شریف پر تدبر کرو۔ اس میں سب کچھ ہے۔ نیکیوں اور بدیوں کی تفصیل ہے اور آئندہ زمانہ کی خبریں ہیں وغیرہ۔ بخوبی سمجھ لو کہ یہ وہ مذہب پیش کرتا ہے جس پر کوئی اعتراض نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ اس کے برکات اور ثمرات تازہ بہ تازہ ملتے ہیں''۔

(ملفوظات جلد پنجم ص 102)

قرآن کا حسن اور کمالات

''قرآن شریف کی خوبیاں اور اس کے کمالات، اس کا حسن اپنے اندر ایک ایسی کشش اور جذب رکھتا ہے کہ بے اختیار ہو کر دل اس کی طرف چلے آئیں۔ مثلاً اگر ایک خوشنما باغ کی تعریف کی جاوے اور اس کے خوشبودار درختوں اور دل کو تروتازہ کرنے والی بوٹیوں اور روشوں اور مصفا پانی کی بہتی ہوئی ندیوں اور نہروں کا تذکرہ کیا جاوے، تو ہر ایک شخص کا دل چاہے گا کہ اس کی سیر کرے اور اس سے حظ اٹھاوے اور اگر یہ بھی بتایا جاوے کہ اس میں بعض چشمے ایسے جاری ہیں جو امراض مزمنہ اور مہلکہ کو شفا دیتے ہیں تو اور بھی زیادہ جوش اور طلب کے ساتھ لوگ وہاں جائیں گے۔ اسی طرح پر قرآن شریف کی خوبیوں اور کمالات کو اگر نہایت ہی خوب صورت اور مؤثر الفاظ میں بیان کیا جاوے، تو روح پورے جوش کے ساتھ اس کی طرف دوڑتی ہے''۔

(ملفوظات جلد اول ص 282)

روح کی تسلی کا سامان

''حقیقت میں روح کی تسلی اور سیری کا سامان اور وہ بات جس سے روح کی حقیقی احتیاج پوری ہوتی ہے۔ قرآن کریم ہی میں ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ ھدًی للمتقین اور دوسری جگہ کہا لایمسہ الا (-) (الواقعہ: 80) اس سے مراد وہی متقین ہیں جو ھدی للمتقین میں بیان ہوئے ہیں۔ اس سے صاف طور پر معلوم ہوا کہ قرآنی علوم کے انکشاف کے لئے تقویٰ شرط ہے۔ علوم ظاہری اور علوم قرآنی کے

باقی صفحہ 6 پر

رانا نصیر احمد صاحب

جلسہ سالانہ قادیان 2005ء - میری خوش نصیبی

اللہ تعالیٰ کے فضل واحسان اور اس کی دی ہوئی توفیق کے ساتھ 114ویں تاریخی جلسہ سالانہ قادیان میں خاکسار کو شامل ہونے کی سعادت حاصل ہوئی۔ اس جلسہ کی اہمیت وانفرادیت اس لحاظ سے غیر معمولی تھی کہ خلیفہ وقت نے اس میں بنفس نفیس شرکت فرما کر روح پرور خطبات سے نوازا اور نظام وصیت اور قمری سال کے حساب سے خلافت کے سو سال پورے ہونے کا اعلان فرمایا۔ قادیان میں منعقد ہونے والے جلسوں میں شرکاء کی سب سے بڑی تعداد یعنی 70 ہزار عشاقان احمدیت نے شرکت کی۔ اس لحاظ سے یہ جلسہ تاریخی جلسہ تھا۔

قادیان کی پوری بستی دلہن کی طرح سجی ہوئی تھی۔ خاص طور پر محلّہ احمدیہ بقعہ نور بنا ہوا تھا۔ قادیان کے گلی کوچوں کو رنگ برنگی جھنڈیوں اور بینرز سے سجایا گیا تھا۔ تمام راستے محرابی دروازوں سے مزین تھے اور خوبصورتی سے سجائے گئے تھے۔ اھلاً وسھلاً ومرحبا، خوش آمدید، انی معک یا مسرور اور دیگر دعائیہ کلمات پر مشتمل بینرز مختلف جگہوں پر آویزاں کئے گئے تھے۔

خاکسار 23 دسمبر کو جمعہ کے وقت قادیان پہنچ گیا تھا اور خلیفہ وقت کی امامت میں پہلی بار جمعہ ادا کرنے کی سعادت حاصل ہوئی اور آپ کی امامت میں نمازیں ادا کرنے کا موقع ملا۔ جمعہ کے دن ہی حضور کا دیدار کرنے کا شرف حاصل ہوا اکثر ایام میں عام طور پر آپ تقریباً ساڑھے چار بجے حضرت اقدس مسیح موعود کے مزار مبارک پر دعا کے لئے بہشتی مقبرہ تشریف لے کر جاتے تھے۔ حضور انور کے انتظار میں اپنے پیارے امام کی ایک جھلک دیکھنے کے لئے دارالمسیح گیٹ سے لے کر بہشتی مقبرہ کے اندر احاطہ خاص تک قادیان کے مکین اور دنیا کے دوسرے ممالک سے آنے والے احباب مرد، خواتین، بچے اور بوڑھے سبھی راستوں کے دونوں جانب کھڑے تھے جونہی حضور دارالمسیح سے باہر تشریف لاتے احباب والہانہ انداز میں نعرے لگاتے ہر ایک اپنی سعادت اور خوش نصیبی پر شاداں تھا کہ آج اللہ تعالیٰ نے وہ دن دکھایا ہے کہ خلیفۃ المسیح بنفس نفیس ان میں رونق افروز ہیں۔ یہ بڑا ہی روح پرور منظر تھا کہ حضور کی ایک جھلک دیکھنے کے لئے ہر فرد جماعت کیسے کوشاں ہے۔ 24 دسمبر کو صبح کے وقت آپ سے انفرادی ملاقات کی۔ مجھے بھی آپ سے مصافحہ کرنے کا شرف حاصل ہوا اس طرح میری زندگی کی سب سے بڑی خواہش اللہ تعالیٰ نے پوری کی کہ خلیفہ وقت اور قادیان کی مقدس بستی کو پہلی بار دیکھنے کا شرف حاصل ہوا اور جلسہ سالانہ میں پہلی بار شرکت کرنے کی توفیق حاصل ہوئی۔

لوائے احمدیت کی حفاظت کے لئے پہرہ دیا جاتا رہا۔ یہ بھی ایک روح پرور منظر تھا۔ چار خدام یا چار افراد پر مشتمل چوکس دستہ ڈیوٹی دیتا رہا۔ خاکسار کو بھی ڈیوٹی دینے کی توفیق ملی۔ اس میں ہر فرد جماعت کی کوشش تھی کہ وہ یہ سعادت حاصل کرے۔ قادیان بظاہر چھوٹی سی بستی ہے۔ وہاں پر 70 ہزار مہمان آجائیں تو ظاہری بات ہے اس کی گلیاں اور بازار، چھوٹے پڑ جاتے ہیں۔ قادیان کے بازاروں میں اس قدر رش تھا کہ لفظوں میں بیان کرنے سے قاصر ہوں۔ اس بڑی تعداد کو دیکھ کے ذہن میں فوراً اللہ تعالیٰ کا یہ وعدہ یاد آجاتا ہے۔ یاتون من کل فج عمیق

یعنی اس کثرت سے لوگ تیری طرف آئیں گے کہ جن راہوں پر وہ چلیں گے وہ عمیق ہو جائیں گے۔ خدا تعالیٰ کا یہ وعدہ پورا ہوتے ہوئے دیکھا اس کیفیت نے ہمارے ایمان کو جلا بخشی کا کام کیا۔

میں نے اس دیوار کی جگہ بھی دیکھی جو حضرت مسیح موعود کے چچازاد بھائی مرزا امام دین نے محض آپ کو تنگ اور پریشان کرنے کی خاطر آپ کے گھر کے سامنے بنوادی تھی 12 / اگست 1901ء کو دیوار گرانے کا فیصلہ عدالت نے سنایا۔ جہاں دیوار بنائی گئی تھی وہ جگہ دیکھی۔ اس جگہ کو دیکھ کر ایمان تازہ ہوتا ہے کہ کہاں گئے دیوار بنانے والے؟

اللہ تعالیٰ کے حضور یہ دعا ہے کہ وہ جلد سے جلد وہ دیواریں گرائے جس کی وجہ سے ہمارے پیارے آقا ہم سے دور ہیں۔ (آمین)

خدا تعالیٰ کا قائم کردہ طریق

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

وصایا کی آمد غیر معمولی آمد ہے۔ ایک آدمی فوت ہو جاتا ہے۔ جس کی دس لاکھ کی جائداد ہوتی ہے۔ اس کی جائداد سے اگر ایک لاکھ روپیہ آجائے۔ تو یہ غیر معمولی آمد ہوگی۔ کیونکہ ہر سال اتنا روپیہ اس طرح نہیں آسکتا اگر وصایا کی آمد کو غیر معمولی آمد قرار دے کر بجٹ میں شامل نہ کیا جائے۔ اور اسے علیحدہ رکھا جائے تو چند سال میں 15 لاکھ روپیہ جمع ہو جانا کوئی مشکل بات نہیں ہے۔ اس کے لئے میں نے یہ تجویز بتائی تھی کہ وصیت کی آمد پانچ سو یا اس سے زائد جو اکٹھی آئے اس کو غیر معمولی آمد سمجھا جائے۔ اور ریزرو فنڈ میں شامل کر دیا جائے۔ اس طرح اگر صحیح طور پر عمل کیا جائے اور جماعت کو وصیت کی اہمیت بتائی جائے اور بتایا جائے کہ یہ خدا تعالیٰ کا قائم کردہ طریق ہے۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ ہزاروں آدمی جنہیں تا حال اس طرف توجہ نہیں ہوئی وصیت کے ذریعہ اپنے ایمان کامل کر کے دکھائیں گے۔

(خطبات محمود جلد 10 ص 166)

(ماخوذ)

بزرگان دین کی قوت حافظہ

حضرت امام محمد بن حسن شیبانی

تفسیر روح البیان جلد 5 صفحہ 140 پر ہے کہ جب حضرت امام محمد بن حسن شیبانی علیہ الرحمہ، امام اعظم حضرت ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں علم فقہ پڑھنے کے لئے حاضر ہوئے تو انہوں نے فرمایا کہ تم پہلے قرآن مجید حفظ کرلو۔ پھر میرے پاس آؤ۔ چنانچہ آپ ایک ہفتہ غائب رہے پھر آٹھویں دن حضرت امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کی درس گاہ میں حاضر ہو گئے۔ حضرت امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''میں نے تم سے قرآن مجید حفظ کرنے کو کہا تھا پھر یہاں کیوں چلے آئے؟ امام محمد علیہ الرحمہ نے عرض کیا کہ حضور والا میں نے آپ کے حکم کے مطابق قرآن مجید حفظ کرلیا ہے۔ اس لئے حاضر ہو گیا۔

حضرت امام بخاری

حاشر بن اسماعیل جو حضرت امام بخاری علیہ الرحمہ کے زمانے کے محدث ہیں۔ کہتے ہیں کہ حضرت امام بخاری علیہ الرحمہ طلب حدیث کے لئے میرے ہمراہ محدثین کی خدمت میں آمد ورفت رکھتے تھے۔ لیکن ان کے پاس قلم دوات وغیرہ لکھنے کا سامان نہ ہوتا تھا۔ اور نہ وہ درس کی مجلسوں میں کچھ لکھتے تھے۔ آخر میں نے ان سے ایک دن کہہ دیا کہ جب آپ حدیث کو سن کر لکھتے ہی نہیں تو درس گاہ میں آپ کے آنے جانے کا کیا فائدہ؟ سولہ دن کے بعد حضرت امام بخاری علیہ الرحمہ نے مجھ سے کہا کہ ''آپ لوگوں نے مجھے بہت کچھ کہہ ڈالا۔ اچھا آؤ اب میری یادداشت کا آپ لوگ اپنی لکھی ہوئی کاپیوں سے مقابلہ کرلو اس مدت میں ہم نے پندرہ پندرہ ہزار احادیث کو لکھ لیا تھا۔ حضرت امام بخاری علیہ الرحمہ نے ان پندرہ ہزار احادیث کو زبانی سنا دیا کہ میں خود اپنی لکھی ہوئی کاپیوں کو ان کی یادداشت سے صحیح کرتا تھا۔

حضرت امام ترمذی

حضرت امام ترمذی علیہ الرحمہ جن کی ''جامع ترمذی'' احادیث کی مشہور ومقبول کتاب اور صحاح ستہ میں شامل ہے کا حافظہ بھی بے حد قوی تھا۔ چنانچہ ایک مرتبہ ایک شیخ کی روایت کردہ احادیث کے دو جزو آپ نے نقل کئے۔ لیکن ابھی تک ان کو پڑھ کر سنانے کا موقعہ نہیں ملا تھا۔ مکہ مکرمہ کے راستے میں اتفاقاً شیخ سے ملاقات ہو گئی۔ امام ترمذی علیہ الرحمہ نے ان اجزاء کی قراءت کی درخواست پیش کی۔ شیخ نے منظور فرمالی اور فرمایا کہ تم ان اوراق کو اپنے ہاتھ میں لے لو۔ میں پڑھتا ہوں۔ اور تم موازنہ کرتے جاؤ۔ حضرت امام ترمذی علیہ الرحمہ نے ان اوراق کو تلاش کیا تو وہ دستیاب نہ ہوئے۔ فوراً سادے کاغذ کے چند اوراق ہاتھ میں لے کر فرضی طور پر سننے میں مشغول ہو گئے۔ اور شیخ صاحب قراءت فرمانے لگے۔ اتفاقاً شیخ کی نظر سادے کاغذوں پر پڑ گئی۔ تو شیخ کو بڑا غصہ آیا اور فرمایا تم میرا انداق بناتے ہو؟

حضرت امام ترمذی علیہ الرحمہ نے لکھے ہوئے اوراق کے گم ہونے کا واقعہ صاف صاف عرض کر دیا اور کہا کہ وہ اوراق اگرچہ میرے ساتھ نہیں ہیں مگر مجھے لکھے ہوئے سے بھی زیادہ یاد ہے شیخ نے فرمایا اچھا ذرا پڑھ کر سناؤ۔ امام ترمذی علیہ الرحمہ نے ساری احادیث کو فرفر سنا دیا۔ شیخ نے انتہائی تعجب کرتے ہوئے فرمایا کہ مجھے یقین نہیں آتا کہ تم نے مجھ سے صرف ایک بار سن کر سب احایث کو یاد کرلیا ہوگا۔ حضرت امام ترمذی علیہ الرحمہ نے عرض کیا کہ اچھا آپ امتحان کر لیجئے۔ چنانچہ شیخ نے اپنی خاص روایات میں سے چالیس احادیث پڑھیں۔ حضرت امام ترمذی علیہ الرحمہ نے فوراً ہی چالیس احادیث کو لفظ بہ لفظ پڑھ کر سنا دیا اور کہیں ایک جگہ بھی کوئی غلطی نہ ہوئی۔ شیخ نے حضرت امام ترمذی علیہ الرحمہ کی قوت حافظہ کا اظہار کرتے ہوئے انتہائی حیرت وتعجب کا اظہار فرمایا اور ان کے حافظہ ویادداشت کی بے حد تحسین فرمائی۔

حضرت امام دار قطنی

حضرت امام دار قطنی علیہ الرحمہ کی ''سنن دار قطنی''، مشہور کتاب ہے۔ آپ کا حافظہ بہت مضبوط تھا۔ دور طالب علمی میں ایک دن حضرت اسماعیل صفار محدث علیہ الرحمہ کی درس گاہ میں حاضر ہو کر احادیث لکھ رہے تھے۔ جب سولہ صفحات کے قریب لکھ چکے تو حضرت اسماعیل صفار علیہ الرحمہ نے فرمایا ''دار قطنی! تم لکھنے میں اس قدر مشغول رہتے ہو کہ نہ اچھی طرح حدیثوں کو سنتے ہو نہ سمجھتے ہو تو دار قطنی علیہ الرحمہ نے عرض کیا کہ آپ نے اس وقت تک اٹھارہ احادیث لکھوائی ہیں، پہلی حدیث فلاں عن فلاں ہے دوسری حدیث فلاں عن فلاں ہے، تیسری حدیث فلاں عن فلاں ہے۔ اسی طرح اٹھارہ احادیث پوری سنا دیں۔ حضرت اسماعیل صفار علیہ الرحمہ اور تمام حاضرین مجلس ان کی قوت حافظہ پر حیران ومتعجب رہ گئے۔

(ماہنامہ ''سیدھا راستہ'' اگست 2005ء)

(مرسلہ: قریشی محمد کریم صاحب)

سلائی مشین۔ایک مفید ایجاد

کپڑے کی سلائی کا عمل عرصہ دراز سے موجدوں کی توجہ کا مرکز رہا۔1755ء میں چارلس ویزنتھال (Charles Weisenthal) نامی ایک جرمن نے درزیوں اور زنانہ پوشاک تیار کرنے والوں کی سہولت کے لئے دہری نوکدار سوئی تیار کی۔تاہم ایسی کسی بھی مشین کے نشانات نہیں ملتے جس میں ویزنتھال نے اپنی یہ سوئی استعمال کی ہو۔

سلائی مشین کی ترقی میں پہلا دور آفریں واقعہ اس وقت رونما ہوا جب جنوب مشرقی انگلستان کے تھامس سینٹ نامی ایک شخص نے 1790ء میں ایک مشین ایجاد کی جو کپڑے پر بخیہ لگانے کے علاوہ ٹانکا بھی لگا سکتی تھی۔ یہ مشین رضائی یا لحاف میں نگندے بھی ڈال سکتی تھی۔اس میں موجودہ دور کی سلائی مشین والی کچھ خصوصیات بھی موجود تھیں۔ ابتدائی دور میں دیگر موجدوں کی طرح سینٹ کا بھی خیال تھا کہ سلائی مشین ہاتھ سے سلائی کی حرکات کے تکراری عمل کو مدنظر رکھ کر ہی تیار کی جاسکتی ہے۔ یہ ایک بنیادی غلطی تھی جو 1830ء تک جاری رہی۔آخرکار اسی سال فرانس کے ایک غریب درزی نے پہلی ایسی سلائی مشین ایجاد کی جو صحیح معنوں میں سلائی کا کام کرتی تھی۔اس شخص کا نام بارتھیلیمی تھمونیئر (Barthelemy Thimmonier) تھا۔اس شخص کی زندگی ان تکالیف، مشکلات اور آزمائشوں کی واضح مثال ہے جو اکثر موجدوں کو پیش آتی ہیں۔

فرانسیسی موجد

جب نوٹنگم میں ایک مخصوص گروہ کے لوگ پارچہ بافی سے متعلق مشینری کو تباہ کررہے تھے۔اس وقت تھمونیئر فرانس کے صوبہ لوئیر (Loire) کے ایک صنعتی قصبہ سینٹ ایٹائن (St. Etienne) میں کام کرتا تھا۔ان لوگوں کا خیال تھا کہ مشینری کے استعمال سے بیروزگاری میں اضافہ ہوتا ہے۔ سینے پرونے کا تھکا دینے والا کام تھمونیئر کو بالکل پسند نہیں تھا لیکن اس کے ذہن میں اکثر اوقات ایک ایسی مشین ایجاد کرنے کا خیال آتا تھا جو سینے پرونے کا کام کرسکے۔وہ اکثر ان عورتوں کی قوت برداشت پر حیرت کا اظہار کیا کرتا تھا جو تمام دن کروشیہ (ایک ہک نما اوزار) کی مدد سے گوتھواں کشیدے کا کام کرتی رہتی تھیں۔تھمونیئر ان عورتوں کو بڑے غور سے کام کرتے ہوئے دیکھتا تھا اور آخرکار ان عورتوں کے تیزی سے حرکت کرتے ہوئے ہاتھوں کے ساتھ ساتھ زمین پر پاؤں کی تھاپ سے اس کے ذہن میں ایک اچھوتا خیال پیدا ہوا۔ چنانچہ اس نے ایک ایسی مشین بنانے کا ارادہ کیا جو ان عورتوں کے لئے کام کرے گی۔

اس وقت کے بعد سے تھمونیئر نے اپنے فارغ اوقات کو سلائی مشین کی ترقی کے لئے وقف کردیا۔1830ء تک اس نے اپنی انتھک کوششوں کا کچھ ثمر حاصل کرلیا تھا۔اس کی ایجاد کردہ سلائی مشین کی سب سے بنیادی خوبی یہ تھی کہ اس کی سوئی نوک سے اوپر کی جانب خم دار تھی۔ یہ سوئی ایک پیڈل سے حرکت کرتی تھی جو پاؤں کی حرکت سے کام کرتا تھا۔سوئی کی ہر بار اوپر نیچے حرکت سے مشین ایک ٹانکا لگاتی تھی۔ یہ مشین ابتدائی نوعیت کی تھی لیکن درحقیقت تھمونیئر نے ایک ایسی شے ایجاد کردی تھی جس کے اصول کو مدنظر رکھتے ہوئے بعد میں سلائی مشینیں بنائی گئیں۔پہلے جو لوگ اسے پاگل گردانتے تھے،اب اس کی عزت کرنے لگے تھے۔اس نے سینٹ ایٹائن کے ایک انجینئر کی مدد سے اپنی اس ایجاد کو پیٹنٹ کروایا۔

تھمونیئر کی بدقسمتی

اپنی سلائی مشین کی ایجاد کے بعد تھمونیئر کا اگلا قدم پیرس کی طرف روانگی تھا۔ یہاں اس نے اپنی سلائی مشینیں بنانے کے لئے سیوریز (Sevres) نامی کوچے میں واقع ایک احاطے میں اپنی ایک ورکشاپ بنائی۔اس کا یہ کاروبار چمک اٹھا اور جلد ہی اس کی ورکشاپ میں بیس کاریگر کام کرنے لگے۔پیرس کے درزی اس سنجیدہ مقابلے سے کوئی اچھا تاثر نہ لے سکے۔ چنانچہ پہلے پہل انہوں نے تھمونیئر کی ایجاد کو ایک مذاق سمجھا لیکن جلد ہی انہیں اندازہ ہوگیا کہ یہ سلائی مشین ان کی روزی کے لئے واقعی ایک خطرہ ثابت ہوسکتی ہے۔ایک دن یہ لوگ طیش میں آکر اکٹھے ہوئے اور پیرس کی گلیوں میں سے ہوتے ہوئے جاکر تھمونیئر کی ورکشاپ پر دھاوا بول دیا۔تھمونیئر کو فوجی کپڑوں کی سلائی کا ایک آرڈر ملا تھا جس کو پورا کرنے کے لئے ورکشاپ میں 80 مشینوں پر کام جاری تھا۔ مخالف درزی یہ سب کچھ دیکھ کر غصے سے مزید بھڑک اٹھے اور انہوں نے ایک ایک کرکے تمام مشینوں کو زمین پر دے مارا۔ان حملہ آوروں نے ورکشاپ کو مکمل طور پر تباہ کردیا اور اس کے مالک تھمونیئر کو بری طرح زخمی کردیا۔

تباہی اور غربت

تھمونیئر کا کاروبار تباہ ہوگیا اور اسے اپنی ایجاد کے مخالف لوگوں کے ہاتھوں شکست کا سامنا کرنا پڑا۔اس نے اپنی ایک مشین جو کسی طرح بچ گئی تھی، اپنی بغل میں دبا کر پیرس کی گلیوں کے چکر لگانے شروع کردیئے تاکہ اسے کہیں درزی کی نوکری مل سکے لیکن پیرس کی فرموں کے مالکان اس شخص کے ساتھ کوئی تعلق نہیں رکھنا چاہتے تھے کیونکہ اس نے ان کی دستکاری کے روایتی انداز کو تبدیل کرنے کی کوشش کی تھی۔ان حالات کے پیش نظر تھمونیئر کے پاس سینٹ ایٹائن واپس جانے کے سوا کوئی چارہ نہ تھا۔

اپنے علاقے میں پہنچ کر تھمونیئر نے ایک لمحہ بھی ضائع نہ کیا۔جلد ہی اس نے ایک ایسی مشین تیار کی جو ایک منٹ میں 300 بخیئے لگا سکتی تھی۔اس امید پر کہ انگریز کارخانہ دار اس کی اس ایجاد میں دلچسپی لیں گے، تھمونیئر نے انگلستان میں اپنی ایجاد کے حقوق فروخت کردیئے۔اس طرح اسے جو رقم حاصل ہوئی وہ ساری زندگی کے لئے کافی نہ تھی۔ چنانچہ اس نے انگلستان کے بجائے فرانس ہی میں اپنی کوششیں جاری رکھنے کا فیصلہ کیا۔یوں وہ واپس فرانس چلا گیا۔جہاں اس نے اپنی زندگی کے آخری ایام انتہائی غربت کی حالت میں گزارے۔ بارتھیلیمی تھمونیئر کا انتقال 1857ء میں ہوا۔اس کی زندگی ان مسائل اور تکالیف کی ایک خوفناک مثال تھی جو کسی بھی موجد کو اس کی دریافتوں کے سلسلے میں درپیش آتی ہیں کیونکہ ایسی دریافتوں کو کسی صنعت یا کاروبار کی مروج روایات کے لئے خطرہ قرار دیا جاتا ہے۔

سلائی مشین کے امریکی موجد

جب تھمونیئر اپنے ملک کے باشندوں کی طرف سے اپنی ایجاد کی قبولیت کے لئے کوششوں میں مصروف تھا، اس وقت دو امریکی موجد بھی ایک عملی سلائی مشین کی تیاریوں میں مصروف تھے۔ ان میں سے ایک نیویارک کا والٹر ہنٹ (Walter Hunt) تھا جس نے سیفٹی پن ایجاد کی تھی۔دوسرے شخص کا نام ایلیاس ہاؤ (Elias Howe) تھا اور وہ میساچوسٹس کا رہنے والا تھا۔

ہنٹ کی مشین میں تھمونیئر والی مشین کی طرح ایک خمیدہ سوئی اوپر نیچے حرکت کرنے والے ایک عمودی بازو کے ساتھ لگی ہوئی تھی۔ تاہم اس نے نوک کے قریب سوئی میں ایک سوراخ بھی بنایا ہوا تھا۔اس کا مطلب یہ تھا کہ جب سوئی دھاگے سمیت کپڑے میں سے گزرتی تھی تو کپڑے کے نیچے دھاگے کا ایک حلقہ سا بن جاتا تھا۔ایک چھوٹا افقی شٹل جو آگے پیچھے حرکت کرتا تھا، دھاگے کے حلقے میں سے ایک اور دھاگہ گزارتا تھا۔اس طرح ایک ایسا ٹانکا بنتا تھا جو آجکل قفلی ٹانکا (Lock Stick) کہلاتا ہے۔ بدقسمتی سے ہنٹ نے ایک طویل عرصے تک اپنی ایجاد کو پیٹنٹ نہ کروایا۔ چنانچہ وہ 1850ء کے عشرے کے دوران امریکہ میں سلائی مشین سازی کے حقوق کی قانونی کوششوں میں براہ راست شامل نہ ہوسکا۔

اضافی اصلاحات

اسی اثناء میں ایلیاس ہاؤ نے اپنے تجربات جاری رکھے اور بالکل انہی نتائج پر پہنچا جو ہنٹ نے اخذ کئے تھے۔اس نے بھی اپنی مشین میں ایک خمیدہ سوئی لگائی جس کی نوک کے قریب ایک سوراخ تھا اور کپڑے کی نچلی جانب ایک شٹل قفلی ٹانکا لگاتا تھا۔تاہم ہاؤ کی مشین میں دو نئی خوبیاں موجود تھیں۔ اول یہ کہ اس مشین کی سوئی عموداً حرکت کرنے کے بجائے افقی جانب حرکت کرتی تھی اور دوم یہ کہ اس کا شٹل ایک خاص جھری (Groove) کے اندر چلتا تھا۔ 1846ء میں ہاؤ اپنی ایجاد کے حقوق محفوظ کروانے کے بعد لندن چلا گیا اور اس نے برطانوی حقوق ولیم تھامس نامی ایک شخص کے ہاتھ فروخت کردیئے۔ ولیم تھامس چیپ سائیڈ (Cheapside) میں عورتوں کی شمیضیں (Corsets) بنانے کا کاروبار کرتا تھا۔ ہاؤ چند سال لندن میں رہا لیکن اس کی مشین کچھ زیادہ کامیاب نہ رہی اور 1850ء تک وہ واپس نیویارک چلا گیا۔

ایجادات کے حقوق

امریکہ واپسی پر ہاؤ کو معلوم ہوا کہ اس کی غیر موجودگی میں بہت سی نئی ایجادات کے حقوق محفوظ کرائے گئے۔ ان میں سے ایک ایجاد ایلن ولسن (Allen Wilson) کے نام تھی۔ ولسن کی بنائی ہوئی مشین ہاؤ کی مشین سے کئی لحاظ سے مختلف تھی۔ یہ مشین سادہ لیکن زیادہ عملی نوعیت کی تھی۔اس میں ایک گردشی ہک اور پھرکی کام کرتی تھی۔ آئزک میرٹ سنگر (Isaac Merritt Singer) جس کے نام کا دنیا بھر میں بول بالا ہونا تھا، نے ایک ایسی مشین کی ایجاد کے حقوق محفوظ کروائے تھے جو بنیادی طور پر ہاؤ کی مشین جیسی تھی لیکن اس سے زیادہ عملی اور تفصیلی خصوصیات کی حامل تھی۔ ہاؤ کی مشین چلتے چلتے رک جاتی تھی جبکہ سنگر کی مشین رکے بغیر مسلسل کام کرتی تھی اور ایک منٹ میں تقریباً 300 بخیئے لگا سکتی تھی۔(اس وقت کسی بھی مشین کے بخیئے لگانے کی یہ تیز ترین رفتار تھی)۔سنگر کی مشین بہت صاف اور متناسب بخیئے لگاتی تھی۔1851ء کے سلائی مشین کے امریکی موجدوں میں سیموئر (Seymour) اور ولیم گروور (William Grover) کے نام بھی آتے ہیں جنہوں نے دہرا زنجیری ٹانکا اختراع کیا تھا۔

ایلیاس ہاؤ نے یہ بات ذہن نشین کرلی کہ اس کی ایجاد جو کافی حد تک ہنٹ کی ایجاد کی بدولت ممکن ہوئی، ایک بہت بڑا کام ہے۔ چنانچہ اس نے ایک مزید بہتر ماڈل کی سلائی مشین بنانے کے لئے اپنی کوششیں تیز کردیں۔ جبکہ سنگر گروور اور ولسن، ہاؤ کی ایجاد سے بلاشبہ متاثر تھے۔اب ہاؤ نے دوسروں کی ایجادات کی نقل بنانا اور انہیں ترقی دینے کا کام شروع کردیا۔اس کے باوجود، اس بات میں کوئی شک نہیں کہ ہاؤ ہی وہ پہلا شخص تھا جس نے ایک ایسی سلائی مشین پیٹنٹ کروائی جس کی خمدار سوئی میں نوک کے قریب ایک سوراخ تھا اور اس میں قفلی ٹانکا لگانے والا شٹل استعمال ہوتا تھا۔ ہاؤ کو نیویارک واپس آنے کے لئے کرایہ اکٹھا کرنے کی خاطر اپنی امریکی ایجاد کے حقوق کو لندن میں رہن رکھنا پڑا تھا۔ بعد میں اس نے یہ حقوق دوبارہ حاصل کرلئے اور ان کا اندراج 1846ء میں ہوا جو سنگر سے کئی سال پہلے کی بات ہے۔

سلائی مشین۔ ایک کشمکش

1854ء میں بوسٹن کی عدالت میں ہاؤ کا اپنے حریفوں کے ساتھ ایک تنازعہ چل نکلا۔ اس تنازعہ کے کچھ نکات اس کی حمایت میں تھے۔ لیکن دعویٰ یہ تھا کہ اگرچہ سنگر نے ہاؤ کے نظریہ کو مدنظر رکھ کر اپنی مشین ایجاد کی تھی لیکن ہاؤ کی مشین بیک وقت صرف چند انچ تک مسلسل بخیہ لگا سکتی تھی۔ چنانچہ اگر سنگر اپنی ترقی یافتہ مشین نہ بناتا تو سلائی مشین کے مارکیٹ میں عام ہونے کا کوئی امکان نہ ہوتا۔ یوں سنگر کی ایجاد سے ایک نئے رجحان نے جنم لیا اور مشین سازوں کی ایک بڑی تعداد نے سنگر والی مشین کی تیاری کو زیادہ امید افزا تصور کیا۔ یوں جلد ہی اس ابتدائی مشین سے تعلق رکھنے والا ہر شخص اس قانونی کشمکش میں شامل ہوگیا۔ یہ درحقیقت سلائی مشین سازوں اور موجدوں کے مابین ایک کشمکش یا ''جنگ'' تھی۔ یہ ایک تلخ اور متشدد کشمکش تھی جو امریکی عدالتوں اور پریس میں جاری رہی۔ آخرکار تمام فریقوں کے مابین ایک معاہدہ طے پا گیا جس سے اس جنگ نما کشمکش کا خاتمہ ہوا۔

سلائی مشینوں کی ''جنگ'' کا اختتام امریکہ میں پہلے اتحاد صنعتی (Cartel) کے قیام سے ممکن ہوا۔ اس اتحاد کو ''سلائی مشین کارپوریشن'' کا نام دیا گیا اور اس اتحادی تنظیم کے شرکاء اپنی ہر مشین کی فروخت پر 15 ڈالر ایک مرکزی فنڈ میں جمع کروانے پر رضامند ہوئے۔ یہ فنڈ پانچ حصوں میں تقسیم ہونا تھا، یعنی تنظیم میں شامل چار مشین سازوں کو 1/5 حصہ فی کس اور 1/5 حصہ ایلیاس ہاؤ کو ملنا تھا۔ یہ رقم رائلٹی کی شکل میں ہاؤ اور اس کے وارثوں کو 1877ء تک ملنا تھی کیونکہ یہ اس ایجاد کے حقوق کا آخری سال تھا۔ تاہم اس وقت سنگر کی سلائی مشینیں ہر جگہ استعمال کی جا رہی تھیں۔ لیکن ہاؤ کو اس بات کی خبر نہ تھی کیونکہ وہ 1867ء میں پیرس میں انتقال کر چکا تھا۔ انتقال سے قبل اسی سال اسے لجن آف آنر کا تمغہ بھی دیا گیا۔ یہ سب کچھ بیچارے تھمونیئر کی غربت زدہ زندگی کے خاتمہ کے دس سال بعد وقوع پذیر ہوا۔

قسطوں پر خریداری

سلائی مشینوں کی ''جنگ'' آج صنعتی تاریخ کے ایک حیران کن باب سے زیادہ محسوس نہیں ہوتی۔ یہ بات انتہائی حیرت انگیز معلوم ہوتی ہے کہ سلائی مشین جیسی عام اور گھریلو شے کی وجہ سے اتنے طوفان کھڑے ہوئے۔ لیکن یقیناً یہ ایک ایسی مشین تھی جو ہر گھر میں استعمال ہو سکتی تھی۔ اس لحاظ سے یہ ایک شاندار تجارتی پیشہ ٹھہری۔ اسی وجہ سے سلائی مشین نے فروخت کی تکنیک میں ایک نئے دور کا آغاز کیا۔ سلائی مشین گھریلو استعمال کی پہلی شے تھی جو قسط وار خریداری کے نظام کے تحت بڑی تعداد میں فروخت کی گئی۔ اس نظام کے تحت سیلز مین گھر گھر جا کر گھریلو خواتین کو مشین قسطوں پر خریدنے کے لئے قائل کر لیتے تھے۔

2000 مختلف ماڈل

جدید سلائی مشینیں ہلکی پھلکی اور صرف گھریلو استعمال ہی کے لئے نہیں بنائی جاتیں بلکہ ہر قسم کے کام کے لئے مخصوص مشینیں تیار کی جاتی ہیں۔ یہ مشینیں لباس سازی اور ہوزری کی صنعتوں کے لئے جزو لازم کی حیثیت رکھتی ہیں۔ نیز سلے سلائے کپڑوں کی صنعت کے ہر شعبے میں ان مشینوں کو کلیدی حیثیت حاصل ہے۔ مختلف اشیاء مثلاً ہیٹ، بوٹ، چپلیں، دستانے، دستی بیگ، بستے، سوٹ کیس اور چھتریاں وغیرہ مختلف اقسام کی سلائی مشینوں کی مدد سے تیار کی جاتی ہیں۔ صوفوں اور کرسیوں کی گدیوں کے غلاف، پردے، خیمے، بادبان، پیراشوٹ اور دیگر بیشمار اشیاء سلائی مشینوں ہی سے تیار کی جاتی ہیں۔ مذکورہ بالا تمام مقاصد کے لئے دنیا بھر میں سلائی مشینوں کی 2000 سے زائد اقسام استعمال کی جاتی ہیں۔ ان میں سب سے بڑی مشین سات سوئیوں والی سلائی مشین ہے جو سات قطاروں کی شکل میں دہرا زنجیری بخیہ لگاتی ہے۔ یہ مشین ایک منٹ میں 20,000 بخیئے لگاتی ہے۔

ایک ٹن وزنی سلائی مشین

بیچارے تھمونیئر کو کیا معلوم تھا کہ اس کی سلائی مشین کا مستقبل کس قدر تابناک ہوگا۔ ایلیاس ہاؤ اور آئزک سنگر نے اگرچہ اپنی اپنی مشین کی تجارتی اہمیت کا اندازہ کر لیا تھا لیکن کوئی شخص یہ تصور بھی نہیں کر سکتا تھا کہ ان کی بنائی ہوئی مشینیں بچوں کے لئے کھلونا سلائی مشین سے لے کر ایک ٹن وزنی دیوہیکل سلائی مشینوں کے سینکڑوں مختلف نمونوں کی بنیاد ہوں گی۔ بڑی بڑی مشینیں، جدید مشینری کے پہیوں کو چلانے والے پٹے (Driving Belts) کے کناروں پر سلائی کرتی ہیں۔ ایک ایسی سلائی مشین بھی موجود ہے جو تیل صاف کرنے میں استعمال ہونے والے خاص مادوں پر ٹیڑھے میڑھے بخیئے لگاتی ہے۔ ایک اور قسم کی مشین کتابوں کے صفحات کی سلائی کر کے انہیں اکٹھا جوڑتی ہے۔

5000 بخیئے فی منٹ

سلائی مشین میں تمام قسم کی ترقیاں اس کے موجدوں اور مشین سازوں کے درمیان ''جنگ'' کے پُرامن اختتام سے ممکن ہوئیں۔ اس طرح یکے بعد دیگرے نئی ایجادات پیٹنٹ ہوئیں اور انہیں سلائی مشین کی ترقی کے لئے استعمال کیا گیا۔ ایسی مشینیں بھی ایجاد کی گئیں جو پیروں کی مدد سے چلنے کی بجائے بجلی کی قوت سے چلتی تھیں۔ پرزوں کی خودکار تدہین (Lubrication) والی مشینیں تیار کی گئیں۔ اس کے علاوہ کچھ اس قسم کی مشینیں پیٹنٹ ہوئیں جن کی انتہائی تیز رفتار سے حرکت کرتی ہوئی سوئیاں فشردہ ہوا کے دھاروں سے ٹھنڈی ہوتی تھیں۔ آواز پیدا کرنا سلائی مشین کی ایک بنیادی خصوصیت ہے۔ چنانچہ ایسی مشینیں بھی ایجاد کی گئیں جو بہت کم آواز پیدا کرتی تھیں۔ انسان کا ذہن ہمیشہ موجود اشیاء اور مشینوں وغیرہ کو ترقی دینے کے نئے نئے طریقے تلاش کرتا رہتا ہے۔ تھمونیئر کی مشین ایک منٹ میں 300 بخیئے لگاتی تھی جبکہ آجکل کی جدید گھریلو سلائی مشین ایک منٹ میں 1500 سے زائد بخیئے لگا سکتی ہے۔ ہوزری کے کارخانوں میں استعمال ہونے والی مشینوں کی نظر نہ آنے والی سوئیاں اس قدر تیز رفتاری سے حرکت کرتی ہیں کہ ایک سیکنڈ میں 80 دفعہ اوپر نیچے حرکت کرتی ہیں۔

سلائی مشین کا مستقبل

آج کے ترقی یافتہ دور میں انتہائی حیرت انگیز سلائی مشینیں ایجاد ہو چکی ہیں۔ ایک ایسی سلائی مشین بھی ایجاد ہو چکی ہے جو سوئی کے بغیر ٹانکا لگاتی ہے۔ اس حیران کن مشین میں بلند فریکوئینسی والی برقی رو کی حرارت سے بالکل ایسے ہی سوراخ بنتے ہیں جیسے سوئی سوراخ بناتی ہے۔ اس قسم کی مشینیں پلاسٹک والے مادوں کی سلائی کے لئے خاص طور پر موزوں ہوتی ہیں۔ آج کے الیکٹرانک انجینئر، سلائی مشین کو زیادہ سے زیادہ خودکار بنانے کے لئے کوشاں ہیں۔ آجکل کپڑوں پر بٹن ٹانکنے، کاج بنانے اور اوورلاک وغیرہ کا کام مشینوں ہی کی مدد سے کیا جاتا ہے۔ کڑھائی والی خودکار مشینیں ہزاروں کی تعداد میں مختلف اور خوبصورت نمونے بناتی ہیں۔ اس قدر چھوٹی سلائی مشینیں بھی تیار کی جا چکی ہیں جنہیں ہینڈ بیگ میں رکھ کر کہیں بھی ساتھ لے جایا جا سکتا ہے۔ اس مشین سے پہنے ہوئے کپڑوں پر بھی ٹانکا لگایا جا سکتا ہے۔

وہ دن دور نہیں جب لڑکیاں کمپیوٹر کی مدد سے کپڑے سیا کریں گی۔ اس قسم کی سلائی مشینوں کو کنٹرول پینل سے چلایا جائے گا اور ایک ٹیلیویژن سکرین پر کپڑے خود بخود سلتے ہوئے نظر آئیں گے۔

(بقیہ صفحہ 3)

حصول کے درمیان ایک عظیم الشان فرق ہے۔ دنیوی اور رسمی علوم کے حاصل کرنے کے واسطے تقویٰ شرط نہیں ہے''۔ (ملفوظات جلد اول ص 282)

ہر شک وشبہ سے بالا کتاب

''ہر ایک چیز میں شک وشبہ اور ظنون فاسدہ پیدا ہو سکتے ہیں۔ مگر قرآن کریم ایسی کتاب ہے کہ اس میں کوئی ریب نہیں ہے۔ لاریب اسی کے لئے ہے۔ اب جبکہ اللہ تعالیٰ نے اس کتاب کی شان یہ بتائی ہے کہ لاریب فیه۔ تو ہر ایک سلیم الفطرت اور سعادت مند انسان کی روح اچھلے گی اور خواہش کرے گی کہ اس کی ہدایتوں پر عمل کرے''۔ (ملفوظات جلد اول ص 282)

سب سے بڑی بحری فوج:

امریکہ کی بحری فوج، تعداد نفوس 584800 (وسط 1990ء)

دُرِّ ثمیں ہے ربوہ

مرکزِ دعوت دیں ہے ربوہ
راحت جانِ حزیں ہے ربوہ
جس کے انوار سے روشن ہے جہاں
یہ وہی مہر مبیں ہے ربوہ
اس کے بانی پہ خدا کی رحمت
عزم کا جس کے امیں ہے ربوہ
روشنی اس میں مسیحا کی ہے
فیض سے نجمِ زمیں ہے ربوہ
جس سے روشن ہوئے اکنافِ زمیں
یہ وہی ماہِ مبیں ہے ربوہ
سب عقیدت سے کھنچے آتے ہیں
کس محبت کی زمیں ہے ربوہ
سبز، اشجار سے ہر گوشہ ہے
سب ہی کہتے ہیں حسیں ہے ربوہ
کیوں نہ ہو بارشِ برکات اس پر
علم و عرفاں کی زمیں ہے ربوہ
اس کی مٹی میں ہیں لعل و گوہر
جن سے تابندہ جبیں ہے ربوہ
آؤ اور آنکھ سے میری دیکھو
سربسر دُرِّ ثمیں ہے ربوہ
فضلِ مولیٰ سے یہ آباد رہے
ہر بلا دور ہو دلشاد رہے

شاہد منصور

خدمت خلق کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں تحریک عطیہ خون اور عطیہ چشم میں شامل ہوں

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 55849 میں عبدالمنعم نعیم

ولد چوہدری عبدالغنی قوم جاٹ پیشہ کاروبار عمر 47 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کاؤنٹی گاردن کراچی بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-8-8 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ فلیٹ واقع کراچی مالیتی اندازاً -/800000 روپے کا 1/2 حصہ۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3000 روپے ماہوار بصورت کاروبار مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد عبدالمنعم نعیم گواہ شد نمبر 1 طارق محمود بدر وصیت نمبر 25544 گواہ شد نمبر 2 نصیر احمد وصیت نمبر 26998

مسل نمبر 55850 میں سعیدہ منعم

زوجہ عبدالمنعم نعیم قوم وڑائچ کاروبار پیشہ کاروبار عمر 45 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کاؤنٹی گارڈن کراچی بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-8-8 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ طلائی زیور اندازاً 5 تولے مالیتی اندازاً -/50000 روپے۔ 2۔ فلیٹ واقع کراچی مالیتی -/800000 روپے کا 1/2 حصہ۔ اس وقت مجھے مبلغ -/5000 روپے ماہوار بصورت کپڑے سلائی وغیرہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ سعیدہ منعم گواہ شد نمبر 1 عبدالمنعم نعیم خاوند موصیہ گواہ شد نمبر 2 اسد سعید وصیت نمبر 30104

مسل نمبر 55851 میں عظمیٰ رفیق

بنت رفیق احمد قوم آرائیں پیشہ طالب علم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن گلشن اقبال کراچی بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-11-9 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ طلائی زیور 30 گرام مالیتی -/27000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ عظمیٰ رفیق گواہ شد نمبر 1 رفیق احمد وصیت نمبر 29324 گواہ شد نمبر 2 نصیر احمد وصیت نمبر 26998

مسل نمبر 55852 میں ثوبان احمد مغل

ولد ظفر احمد مغل قوم مغل پیشہ طالب علم عمر 19 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کاؤنٹی گارڈن کراچی بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-11-23 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد ثوبان احمد مغل گواہ شد نمبر 1 شاہد علی ولد سردار خان گواہ شد نمبر 2 نصیر احمد وصیت نمبر 26998

مسل نمبر 55853 میں راشد محمود احمد

ولد ناصر احمد قوم راجپوت پیشہ ملازمت عمر 25 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کشمیر کالونی کراچی بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-11-18 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3500 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد راشد محمود احمد گواہ شد نمبر 1 سعید احمد مغل ولد محمد صدیق مغل گواہ شد نمبر 2 نذیر احمد بھٹی ولد غلام محمد بھٹی

مسل نمبر 55854 میں توحید احمد

ولد خلیل احمد ناصر قوم جٹ پیشہ ملازمت عمر 27 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن اختر کالونی کراچی بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-11-18 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/4400 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد توحید احمد گواہ شد نمبر 1 فہیم الدین وسیم ولد حمید الدین گواہ شد نمبر 2 نذیر احمد بھٹی ولد غلام محمد بھٹی

مسل نمبر 55855 میں ملک محمد صدیق

ولد ملک محمد رفیق قوم اعوان پیشہ ملازمت عمر 51 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن منظور کالونی کراچی بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-11-16 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ رہائشی مکان برقبہ 100 گز واقع کراچی مالیتی اندازاً -/600000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/9000 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد ملک محمد صدیق گواہ شد نمبر 1 حنیف احمد ولد ملک محمد صدیق گواہ شد نمبر 2 لطیف احمد نعمان ولد ملک محمد صدیق

مسل نمبر 55856 میں حنیف احمد

ولد ملک محمد صدیق قوم اعوان پیشہ طالب علم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن منظور کالونی کراچی بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-11-16 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد حنیف احمد گواہ شد نمبر 1 ملک محمد صدیق والد موصی گواہ شد نمبر 2 لطیف احمد نعمان ولد محمد صدیق

مسل نمبر 55857 میں توصیف احمد

ولد ملک محمد صدیق قوم اعوان پیشہ ملازمت عمر 21 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن منظور کالونی کراچی بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-11-18 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1500 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد توصیف احمد گواہ شد نمبر 1 ملک محمد صدیق والد موصی گواہ شد نمبر 2 رفیق احمد پال ولد خدا بخش

مسل نمبر 55858 میں اعجاز احمد بھٹہ

ولد عبدالرحمٰن قوم بھٹہ پیشہ فرنیچر پالش عمر 50 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن منظور کالونی کراچی بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-11-19 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ مکان کراچی 50 گز مالیتی اندازاً مالیتی -/600000 روپے۔ 2۔ پلاٹ ایک عدد برقبہ 7 مرلہ واقع دارالیمن وسطی ربوہ مالیتی -/100000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/4000 روپے ماہوار بصورت فرنیچر پالش مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد اعجاز احمد بھٹہ گواہ شد نمبر 1 راشد محمود بھٹی ولد حاجی ناصر احمد گواہ شد نمبر 2 عرفان احمد بھٹہ ولد اعجاز احمد بھٹہ

مسل نمبر 55859 میں طیبہ اعجاز

زوجہ اعجاز احمد بھٹہ قوم بلوچ پیشہ ملازمت عمر 43 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن منظور کالونی کراچی بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-4-16 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/6926 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ طیبہ اعجاز گواہ شد نمبر 1 عرفان احمد بھٹہ ولد اعجاز احمد بھٹہ گواہ شد نمبر 2 اعجاز احمد بھٹہ خاوند موصیہ

مسل نمبر 55860 میں عرفان احمد بھٹہ

